عنوان

رسالہ معیار الاملا

متضمن قواعد املا و تصحیح الفاظ غلط العام

جسکو

جناب منشی دیبی پرشاد صاحب ڈپٹی انسپکٹر مدارس ضلع بدایون نے

براے استعمال مدارس و مکاتب

تالیف کیا

بعد تصحیح و نظر ثانی جناب مصنف و اضافہ مضامین و حواشی

بماہ فروری ۱۸۷۶ع

مطبع نامی منشی نولکشور مین بمقام لکھنو چھاپا گیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد ایزد پاک اور ثنا ے خالق ارض و افلاک عرض کرتا ہی بندہ احقر العباد دیبی پرشاد
ساکن بدایون کہ چونکہ علم رسم الخط و املا کا سیکھنا ہر طالب علم کو اکثر علوم کی تحصیل پر مقدم ہی
مگر اس زمانہ مین اکثر شخص اوسکے قواعد و ضوابط سے محض ناواقف ہین لہذا راقم آثم نے اوسکے
قوانین ضروری کو کتب معتبرہ مثل رسالہ مولوی انور علی صاحب و دیگر کتب لغات مثل غیاث اللغات
و برہان قاطع وغیرہ سے جسقدر طلبۂ فارسی و اردو کو مفید ہو انتخاب اور ترجمہ کر کر معیار الاملا
نام کیا مشتمل چار فصل پر فصل اول کتابت حروف مفرد مین فصل دوم کتابت کلمات
مرکبہ مین فصل سوم بیان مین اون الفاظ کے جنکا املا و تلفظ غلط مشہور عام ہی فصل چہارم
بیان مین اون الفاظ کے جن مین اعراب غلط مشہور ہین

فصل اول املاے حروف مفردہ مین مشتمل آٹھ قسم پر

قسم اول کتابت ہمزہ مین واضح ہو کہ فرق ہمزہ اور الف مین یہ ہی کہ ہمزہ وہ ہی کہ متحرک
سے ضغطۂ زبان کے بولا جاوے اور حالت سکون مین ضغطۂ زبان سے ورنہ الف ہی اور ہمزہ
سا کن الفاظ زبان فارسی مین دیکھنے مین نہین آیا اور یہ فرق ہمزہ اور الف کا قوانین عرب سے ہی

فارسی مین دونون ایک ہین مگر قدمانے املاء ہمزہ کے واسطے ایک صورت علیحدہ بدین شکل ء
مقرر کی ہی جیسے مائل و مشائخ و فوائد **بیان ہمزہ** کا جو ابتدای کلمہ مین واقع ہو جو ہمزہ ابتداے
کلمہ مین واقع ہو اوسکو بصورت الف لکھتے ہین اور الف مضموم کے بعد واو اور مکسور کے بعد یاء تحتانی
بھی زائد کرتے ہین جیسے اوستاد و اوفتاد و ایستاد و راس و اوار و یاکو کبھی تلفظ بھی کرتے ہین اور
کبھی ہمزہ یاء تحتانی سے بدل جاتا ہی اوس حالت مین کہ قبل اوسکے باء زائد یا نون نفی یا میم نہی واقع ہو
جیسے بیفگند و نیفگند و میفگن اور کبھی ایسی حالت مین حذف بھی کر دیتے ہین جیسے بفگند نفگند مفگن او
جس کلمہ کے شروع مین الف ممدودہ ہو اور اوس پر کلمۂ دیگر لاوین تو اکثر الف ممدودہ کے الف اول کو
کہ ہمزہ ہی یاء تحتانی سے بدل دیتے ہین جیسے آسیا کہ مخفف آسیاب کا ہی کہ اصل مین آس آب تھا
اور بعض الفاظ کی ابتدا مین ہمزہ زائد لاتے ہین اور فصیح سمجھتے ہین جیسے آبر آبا آبی اسکندر اشتر وغیرہ
اور بعض الفاظ کی ابتدا سے ہمزہ حذف بھی کیا جاتا ہی جیسے ابو و ابن مثل بوتراب بولہب بوقلمون
بوالفضول زید بن عمرو اور جیسے الف لفظ اسپ کا جیسے سوجودست اور نیکست لیکن اگر آخر کلمۂ ماقبل
مین ہاء مختفی ہو تو حذف الف نچاہیے جیسے بندہ است اور آمدہ است اور جبکہ حذف الف باعث التباس
لفظ دیگر کا ہو تو بھی الف کا اثبات واجب ہی جیسے بد است اور نیز لفظ است کو جبکہ التباس کسی کلمہ دیگر کا
ہوتا ہو یا باعث تعسر فہم معنی مطلوب کا ہو کلمہ سے علیحدہ لکھنا چاہیے جیسے زست اور شستنی ست کیونکہ
نیست ملتبس ہوتا ہی یعنی نہین ہی کے اور شستنیست کے معنی بادی النظر مین مفہوم نہین ہوتے اور جب چہ
و کہ کے ساتھ لفظ است ضم ہو تو الف یاء تحتانی سے بدل جائیگا جیسے چیست و کیست اور ایسی ہی لفظ
اند و آید و ام و ایم و ات و اش کہ علامات صیغ اور الفاظ ضمائر ہین اگر بعد حرف ہای ہوز کے واقع نہون
الف لکھنا نچاہیے جیسے توانگرند و توانگرید و توانگرم و توانگریم و غلامش و غلامت اور بندہ ام
اور بندہ ات وغیرہ اور اونکو کلمہ سے علیحدہ لکھنا چاہیے جبکہ التباس یا تعسر تلفظ واقع ہوتا ہو جیسے
کم ندیون نہ لکھنا چاہیے کمند کہ معنی دیگر مفہوم ہونگے اور اسیطرح لفظ ایشان و این و او وغیرہ سے
جیسے مر ایشان را و مر و را و مر این را **بیان ہمزہ** کا کہ وسط کلمہ مین واقع ہو پس اگر ساکن ہو بالضرور
کلمہ عربی ہوگا اور اوسکو موافق حرکت حرف ماقبل کے الف یا واو یا یاء تحتانی سے لکھتے ہین جیسے راس
و ذئب و بوس اور اگر متحرک ہو پس اگر مضموم ہے تو اکثر کتابت سے ساقط کرتے ہین جیسے مسؤل و
طاوس و داود اور اگر مفتوح ہے بشکل الف لکھتے ہین جیسے مسالت و ہئیات اور مکسور ہی تو بصورت
یا جیسے دائم و قائم اس یا کے تلے نقطہ نہ دینا چاہیے **بیان ہمزہ** کا کہ آخر کلمہ مین واقع ہو فارسی مین

اوسکو کتابت اور تلفظ دونون سے حذف کرتے ہین جیسے ردّ انشا و ضو جزشے اور جبکہ ایسے الفاظ کو
مضاف یا موصوف کسی دوسری لفظ سے کرتے ہین تو ہمزۂ محذوف بشکل یا لکھا جاتا ہے اور ہمزہ پر جیسے بین
جیسے ردآے نو وضوے جائز لیکن لفظ جزء کے ہمزۂ محذوف کو واو سے بدل لیتے ہین جیسے جزو سا
قسم دوم کتابت الف مین واضح ہو کہ الف حرف ساکن بشکل خط مستقیم ہے پس وہ ابتداء کلمہ پر
واقع نہوگا کیونکہ ابتدا ساکن سے غیر ممکن ہے پس جو الف وسط کلمہ مین واقع ہوا اکثر اہل عرب اوسکا
حذف کتابت سے واجب سمجھتے ہین فارسی دان اکثر مع الف لکھتے ہین جیسے اسحاق و اسمٰعیل و ہارون
و رحمان و لاکن و ثلاث مگر الٰہ و ہٰذا بدون الف ہی لکھتے ہین اور بحالت امالا ایسے الفاظ مین الف کو
بشکل یا لکھتے ہین جیسے لیکن نہیب امین و اقرب و حسیب اور کبھی الف کو بشکل واو لکھتے ہین مگر شاذ و مثل
صلوٰۃ و زکوٰۃ اور کبھی کبھی الف لکھا جاتا ہے اور پڑھنے مین نہین آتا جیسے الف خواند و ماند و راند کا
باعتبار لہجہ بعض فصحا کے **بیان الف** کا کہ آخر کلمہ مین واقع ہوا اوسکو اہل عجم بصورت الف ہی لکھتے ہین
جیسے ہوا مدعا ماجرا امضا بخلاف عرب کہ وہ ہویٰ مدعیٰ ماجریٰ امضیٰ لکھتے ہین البتہ جب لفظ عربی کے
ساتھ مرکب ہو تو بجاے الف یا لکھتے ہین جیسے مدعی علیہ اور جب الف ندا انہین زیادہ کرین تو بھی یا سے
بدل دیتے ہین جیسے موسیا عیسیا اور جب اشتباہ التباس کا ہوتا ہے تو تبعاً للعرب بدستور عرب
لکھتے ہین جیسے لفظ اولے کہ اگر اولا لکھین تو معنی اول کے مفہوم ہوگا اور نیز اہل فرس کلمۂ عرب کو کہ یاے خالص
سے ہو اکثر الف سے پڑھتے لکھتے ہین جیسے تمنا و تولا و تبرا کہ اہل عرب یا سے لکھتے ہین اور نیز جن کلمات کے آخر
الف ممدودہ ہے اوسکو بطور عرب بدون ہمزہ لکھتے ہین جیسے صحرا اور دوا و خدا بدون اضافت یا توصیف
کی ہمزہ یا یا بعد ان اسما کے لکھنا نچاہیے اگرچہ بطور شاذ کلام اساتذہ مین مستعمل ہے اور جہان تنوین فتحہ کی ہو
عرب اوسکو حالت وقف مین الف ورنہ تنوین پڑھتے ہین اہل فرس ہمیشہ الف ہی پڑھتے ہین جیسے اتفاقاً
مرحبا اصلاً علامت تنوین لکھنا پڑھنا نچاہیے اور گانون یا چیزون یا آدمی وغیرہ کے نام زبان ہندی
یا ترکی کے الف سے لکھنا چاہیے جیسے موضع سمرا اور کلوا و مجلکا و سرکا بلکہ املا اردو مین جو لفظ کہ آخر
اونکے ہا مختفی ہے درحالت فتح ماقبل الف سے اور درحالت کسرۂ ماقبل یا سے لکھنا چاہیے جیسے پردا پردے
اور کبھی الف آخر کلمات کے بدون کسی فائدہ کے لکھہ دیتے ہین جیسے سیحا طالبا **قسم سوم کتابت**
یاے موحدہ مین باے زائد ہمیشہ متصل لکھنا چاہیے جیسے بکن برفت و بگفت و لبتکر اندیش اور اگر غیر زائد ہے
اوسکا متصل لکھنا بہتر ہے اگر ملتبس نہو جیسے بخاطر اور ملتبس ہو تو منفصل لکھین اور ہاے ہوز واسطے
اظہار حرکت آخر اونکے لکھنا چاہیے جیسے بہ آزار اور جس لفظ مین باء زائد ہوا اور میم علامت استمرار اوسپر لا ذکر

تو ہے کو علیحدہ لکھنا چاہیے جیسے می بگرفت اور باء زائد اگر فاصل نہو تو متصل لکھنا چاہیے جیسے بگرفت

قسم چہارم کتابت تاء مین تاء مصدری لفظ عربی مین ہی آتی ہو فارسی مین نہین آتی پس الفاظ نزاکت و یگانگت و تمازت کہ زبان فارسی کے ہین تصرف فارسیان ہی یا غلط ہین اور تاء مصدری کو اہل فرس ہمیشہ مستطیل لکھتے ہین جیسے موافقت سلطنت و نعمت مستدیر بشکل ہا مثل اہل عرب لکھنا خلاف املاء فارسی ہی علے ہذا القیاس تاء غیر مصدری کو بھی بخلاف عرب اکثر درازہی لکھتے ہین جیسے مدآت حیات قضات البتہ تاء تانیث کو اکثر مثل عرب مستدیر لکھتے ہین جیسے صلوۃ زکوۃ وطائفہ و جملہ لیکن جو تا کہ بعد الف صیغہ جمع مونث مین واقع ہو اوسکو اہل عرب و عجم درازہی لکھتے ہین جیسے عورات بنات غرض کہ اہل فرس تاء ملفوظی کو دراز اور تاء مکتوبی کو کہ ہاء ہوز ملفوظ ہوتی ہی اوسکو گرد لکھتے ہین جیسے علامت علامہ اور طالبت طالبہ

قسم پنجم کتابت نون مین نون نفی اگر فعل پر واقع ہو اوسکو متصل لکھنا چاہیے جیسے نکرد اور نکہا ورنہ جدا بزیادت ہاے مختفی جیسے نہ زید آیا نہ عمر

قسم ششم کتابت واو مین فارسیون نے بعض الفاظ عربی کے آخر مین او زیادہ کرلیا ہی جیسے خالو و عمو کبھی واو لکھے نہین اور پڑھنے مین آتا ہی جیسے طاؤس واؤ دکاؤس کہ انمین دو واو پڑھنے مین آتے ہین اور ایک واو لکھا اور ہا ہمزہ لکھہ دیتے ہین اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہی کہ واو لکھنے مین آتا ہی اور پڑھنے مین نہین آتا وہ تین قسم ہی اول واو معدولہ کیونکہ وہ کم بولا جاتا ہی اور اوس سے عدول کر جاتے ہین اور وہ قبل ۹ حروف کے آتا ہی الف و دال و را و زا و سین و شین و نون و ہا و یا جیسے خواست و دشخوار خود خورشید خورم خوست خوش آخوند خوہلہ خویش دوم جیسے واو لفظ تو و چو و دو مین کہ اصل مین یہ الفاظ یکحرفی تھے مگر چونکہ الفاظ فارسی کم دو حرف سے نہین ہوتی اول متحرک دوم ساکن لہذا واو زائد کیا یہ واو سوای ضرورت شعری کی پڑھا نہین جاتا سوم واو عطف کہ درمیان دو فعل یا دو اسم کے واقع ہو جیسے نشست و برخاست و زید و عمر و تخت و بخت سوای ضمہ ماقبل کے اظہار اس واو کا بھی نثر مین مکروہ ہی اور نظم مین تلفظ اور عدم تلفظ دونون جائز ہی اور جس لفظ کے آخر واو ہو تو درحالت اضافت یا توصیف کے بعد واو کے یا لکھنا چاہیے اور ہمزہ پڑھا جائے گا جیسے جادوے ہند اور رہند وی سیاہ

قسم ہفتم کتابت ہاے ہوز مین جس لفظ کا حرف آخر متحرک ہو اوسکے آخر اہل عجم ہای ہوز مختفی زیادہ کردیتے ہین جیسے رفتہ پشمینہ کہ وچہ و نہ و بہ و سہ یہ ہا سواے ضرورت شعری وغیرہ تلفظ مین نہین آتی بلکہ جب کلمہ دیگر ملصق ہو تو ہا کو کتابت سے بھی ساقط کردیتے ہین جیسے کاندرین و چگونہ و بکند و نماند و سگان پشمینہا اور جس کلمہ کے آخر ہای مختفی ہو اگر اوسمین الف و نون جمع کا یا یاء مصدری یا کاف تصغیر زیادہ کرین تو ہا کاف

بجاے لفظ او [illegible] واو معطوفہ [illegible] ہونا اور [illegible] درمیان یا دو نون ہمزی اگر معطوف یا معطوف علیہ [illegible] نادرست [illegible]

فارسی سے بدل جاتی ہی جیسے بندگان و بندگی و جانگک اور یاء تحتانی معروف یا مجہول نسبتی یا خطابی
اگر لاوین تو ہا کو ہمزۂ ملینہ سے بدل دیتے ہین اور حرف یا نہین لکھتے جیسے بندۂ من و دیوانۂ تو و سرمۂ صفاہانی
گفتۂ او اور کبھی وقت الحاق یاے نسبت ہای ہوز جیم سے بدل جاتی ہی جیسے ساوجی منسوب بساوہ کبھی واو سے
جیسے گنجوی منسوب بہ گنجہ آنولوی منسوب بہ آنولہ اور کبھی حذف بھی ہو جاتی ہی جیسے مکی مدنی اور جبکہ کلمہ ہاے
جمع کیجاوی تو بھی حرف ہا رہوز حذف ہو جاتا ہی جیسے پردہا و سفینہا اور واضح ہو کہ یہ قاعدہ تبدیل
کاف عجمی و حذف کا کہ بیان کیا بعض الفاظ مین جاری نہین جیسے ابلہان و دو گروہی و گروہہا و کوہہا اور کبھی
اہل فرس تاء فوقانی کو بھی بشکل ہا لکھتے ہین اور تا پڑھتے ہین مگر یہ قلت مثل صلوٰۃ زکوٰۃ اور عربی مین بکثرت شائع ہی
قسم ہشتم کتابت یاے تحتیہ مین واضح ہو کہ متقدمین ترکیب اضافی اور توصیفی مین تفرقہ کیواسطے
آخر موصوف کے یا زائد لکھتے تھے جیسے زلفی سیاہ و چشمی مخمور و گناہی عظیم مگر متاخرین لکھنا اس یا کا معیوب
سمجھتے ہین البتہ جس لفظ کے آخر الف ممدودہ یا مقصورہ یا واو ہو اوسکے آخر حالت اضافت و توصیف مین
یا لکھتے ہین جیسے ردای سیاہ و عصای کلیم و وضوی کامل و ترازوے عدل کبھی بلا اضافت و توصیف بھی
سعدی سہ خدای راست مسلم بزرگواری و حلم۔ اور جس کلمہ کے آخر ہاء ہوز ہو اور یاء معروف یا مجہول
نسبتی خواہ خطابی اوسکے بعد لاوین تو یا ہمزۂ ملینہ سے بدل جاتی ہی جیسے پردۂ من و سرمۂ صفاہانی
و بندۂ او اور جس کلمہ کے آخر الف یا واو ہو اور یاء تحتیہ مجہول خواہ معروف مصدری خواہ خطابی خواہ نسبتی لاوین
تو یا در حالت اشباع ہمزۂ ملینہ سے بدل جاتی ہی اور خوشنویس یون ئے لکھتے ہین جیسے جدائی من
رسوائی تو خوبروئی و ضوئی یک سوئی اور اہل عرب وقت الحاق یاء نسبت کے اوس ہمزہ کو واو سے
بدل دیتے ہین جیسے سوداوی صفراوی اور اسیطرح جس کلمہ کے آخر الف مقصورہ ہو اور یاء معروف
خواہ مجہول آخر اوسکے لاوین اوسکو بصورت دو یا کے لکھنا چاہیے اور ہمزہ پڑھنا چاہیے جیسے
مصطفائی مرتضائی اور وقت الحاق یاے نسبت کبھی اس الف کو واو سے بدل دیتے ہین جیسے مصطفوی
مرتضوی اگرچہ اہل عرب اس الف کو حذف ہی کر دیتے ہین اور مصطفےٰ و مرتضےٰ کہتے ہین
فائدہ نقاط حروف اور ضوابط جدید مخترعۂ متاخرین اردو مین چونکہ اکثر حروف ایک ہی شکل کے ہین
صرف نقطہ ہی باعث تمیز ہی پس رفع التباس کے لیے نقطہ دینا حروف متشابہ پر حالت وصل
و فصل دونون مین واجب ہی البتہ ف ق ن ی پر صرف حالت وصل مین ضرور ہی نہ فصل مین کیونکہ
فصل مین اشتباہ التباس کا نہین ہی اور کاف عجمی پر دو مرکز دینا چاہیے اور چند حروف الفاظ ہندی کے لکھنے کیواسطے
مقرر کیے ہین ٹ ڈ ڑ بزیادت حرف طا ت د ر پر اور متاخرین اردو نے اور چند امور کا التزام اختیار کیا ہی

مجی

یعنی یاے معروف کیواسطے یاے مدود اور یاے مجہول کیواسطے آخر لفظ مین یاے دراز کا استعمال کرتے ہین جیسے دوستی اور تم سے اور جہان یا بعد حرف مفتوح کے واقع ہو تو دائرہ اوسکا نصف بخط شفیعائی لکھتے ہین جیسے ہے بمعنی است اور جس جگہہ الفاظ ہندی مین ہاے ہوز مخلوط التلفظ واقع ہوتی ہے وہان ہاے چشمہ دار استعمال کرتے ہین جیسے ٹھاکر مجھے جھاڑو وغیرہ

فصل دوم قواعد کتابت کلمات مرکبہ مین

واضح ہو کہ کلمات مرکبہ کو علٰحدہ لکھنا چاہیے اور کبھی شدت امتزاج کی سبب سے دو کلمہ کو متصل بھی لکھتے ہین کیونکہ اون کلمون کو بمنزلۂ کلمۂ واحد خیال کرتے ہین اور ظاہر ہے کہ کلمہ ثانی مرکب کا یا کوئی ایسا کلمہ ہے کہ بدون ترکیب کلمۂ دیگر کے کچھہ معنی نہین رکھتا جیسے سار ستان لاخ مند زار گار تر ناک وند گر ور آسا وش گین ین دان وہ بان آر ایسے کلمات کا متصل لکھنا ہی چاہیے جیسے خاکسار گلستان سنگلاخ مستمند گلزار ستمگار بہتر غمناک پیوند ستمگر گنجور دلآسا مہوش غمگین قالین قلمدان سیبویہ پیلبان پہلوان رفتار اور یا ایسا کلمہ ہے کہ بدون ترکیب بھی دلالت معنی پر کرتا ہے پس اگر بسبب شدت امتزاج بمنزلۂ کلمۂ واحد ہو گیا ہے اوسکو متصل ہی لکھنا چاہیے جیسے شاہترہ دلبر دلارام دلدار وغیرہ علٰے ہذا القیاس لفظ انشاءاللہ و عنقریب و علٰحدہ و ذی قعدہ دیکھیہ کہ عرب منفصل لکھتے ہین و فارسی دان اوسکو کلمۂ واحد سمجھکر متصل ہی لکھتے ہین ورنہ منفصل لکھین جیسے غلام زید اور اسپ عمرو وغیرہ اور لفظ صاحب دل و خوش نویس و غمگسار و دامن گیر وغیرہ بہتر ہے کہ منفصل لکھین اور کبھی بمنزلۂ کلمۂ واحد سمجھکر متصل بھی لکھتے ہین اور جن دو کلمون کے درمیان حرف عطف فاصل ہو ملا کر لکھنا چاہیے جیسے نشست و برخاست و گفت و گو و خان و مان وغیرہ اور یہ واو حذف بھی ہو جاتا ہے اوس صورت مین متصل لکھنا بھی جائز ہے جیسے رستخیز گفتگو جستجو وغیرہ بعضون کو دیکھا ہے کہ مطلق پابندی قواعد املا کی نہین کرتے اور یون لکھتے ہین (روبکار کچہری کلکٹری ضلع بریلی) ایسی تحریر سے احتراز واجب ہے اور جس کلمۂ عربی کے اول مین الف و لام ہو اوسکو استعمال فارسی مین حذف کر دیتے ہین جیسے نجم قمر ثریا لیکن الفاظ القصہ الحاصل و الغرض وغیرہ کا الف و لام نہین دور کیا کیونکہ الف لام انکا بعوض مضاف الیہ کے ہے اگر مضاف الیہ مذکور ہو تو الف لام حذف ہو گا جیسے حاصل قصہ اور غرض سخن اور الفاظ البتہ و الغیاث و الامان و العطش مین باتباع عرب کچھہ تغیر نہین کی اور لفظ عربی کو لفظ عجمی کے ساتھہ الف لام سے مرکب کرنا نچاہیے جیسے دار الکچہری و شہنشاہ المعظم

اور عند الدرخواست وغیرہ اور الفاظ بلہوس و بکامہ کو کہ بعض بصورت بوالہوس و بوالکامہ مع واو لکھتے ہیں یہی وجہ
غلط ہے اور لفظ بل کے معنی بہت کے ہیں یا تصرف فارسیان بطور تعریب کے ہے اور الفاظ عربی کو
بھی استعمال فارسی میں چاہیے کہ بجاے الف لام اضافت کے بطور فارسی کسرۂ اضافی سے
استعمال کریں پس معدن الکرم و منبع الفضل کو معدن کرم و منبع فضل لکھنا بہتر ہے اور کبھی بسبب
کثرت شیوع کے کچھ تغیر نہیں کرتے جیسے بیت المعمور و بیت الحرام و بیت المقدس و فی الحقیقۃ
و فی الواقع و فی الجملہ و عبد الرحمن و عبد الرزاق اور بضرورت شعری اعلام میں حذف الف و لام
کا جائز بھی ہے جیسے ع سعد ست و خلیل و عبد رحمن ؂ اور املا میں نچاہیے کہ ایک جزو کلمے کا
ایک سطر میں اور جزو دوم سطر دوم میں لکھیں جیسے زید کا زا ایک سطر میں اور ید سطر دوم میں اور
مرکب یا اسنادی ہوتا ہے یا اضافی یا توصیفی یا امتزاجی یا مرکب حرف اور اسم سے پس قطع
اسنادی کا جائز ہے جیسے زید آیا اور عمرو گیا اور اضافی و توصیفی میں قطع غیر مستحسن ہے جیسے غلام زید
اور مرد قابل اور مرکب امتزاجی میں قطع معیوب جیسے گلزار و خدمتگار و آسمان و خوروش و پریچہرہ
و کبک خرام و انشاء اللہ و بدمست و علیحدہ و دستمند و گلاب و آسیاب و خوشدل وغیرہ
اور ضمائر منفصل میں بھی یہی ہے جیسے رفتی تو و آمد او اور ایسے ہی بیت المعمور وغیرہ اور مرکب
حرف و اسم میں بھی قطع بہتر نہیں ہے جیسے گھر سے اور باغ میں اور تخت پر ❊ ❊ ❊

یا توصیفی ناجائز ہے مثلاً چوبی تسکین ۱۲

بعض اشارات مقررہ کا بیان

رہ	رحمۃ اللہ علیہ
رض	رضی اللہ عنہ
صلعم	صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
الخ	الی آخرہ
ا	الف
مط	مطلوب
مص	مصنف
عم	علیہ السلام
ف	فائدہ

فصل سوم فہرست الفاظ جنکا املا غلط مشہور ہی

نمبر	غلط العام	صحیح	معنی	کیفیت
۱	آبشورہ	افشروہ و افشرہ	عصارۂ ہر چیز	مگر اردو مین مستعمل ہی
۲	آتو	آتون	زن معلّمہ	بشرح صدر
۳	آثار	استار بالفتح و سیر	وزن معروف	
۴	آخور بروزن بازو	آخر بضم خا یا آخور بواو معدولہ	جاے علف و آب	
۵	آراضی بالمد	اراضی بمید	ارض کی جمع	
۶	آذر بذال معجمہ	آزر بزاے معجمہ مفتوح	نام پدر ابراہیم ع	بعض کہتے ہین کہ ابراہیم ع کے چچا کا نام ہی جسنے ابراہیم کی پرورش کی
۷	آذوقہ بذال معجمہ	آزوقہ بزاء معجمہ	قوت اندک	
۸	آسامی بمد و ثامی مثلثہ	اسامی بالقصر	جمع الجمع اسم	اسامی جمع اسما کی اور اسما جمع اسم کی ہی اور اسامیان غلط محض ہی
۹	آمانی بمد	امانی بقصر	جمع امنیہ بمعنی آرزو	
۱۰	آوان بمد	اوان بقصر	بمعنی وقت اور بالمد جمع ہی	
۱۱	ابر آذری	ابر آزاری یا آزری مخفف اسکا	ابر بہار	آزار نام ماہ بہار کا ہی ماہہاے رومی سے اور آزر اور آذر نام ماہ خزان کا ہی ماہہاے شمسی فارسی سے خواجہ حافظ گوید ع ابر آزاری برآمد باد نوروزی وزید
۱۲	اثقہ	اوثق	معتمد تر و ثقہ تر	
۱۳	اجنّہ	جنّہ	جمع جن اور اجنّہ جمع جنین کی ہی بمعنی بچہ در شکم	
۱۴	اچار بقصر	آچار بالمد	معروف	خسرو گوید ع لقمہ نرود زیر گر آچار نیابی ؛ مگر بقصر مستعمل اردو ہی
۱۵	احاد بقصر	آحاد بالمد	جمع احد	
۱۶	اخوانصاحب	برادر صاحب	اخوان بکسر جمع اخ کی ہی	
۱۷	اختیار و افتیار	افطار بکسر	روزہ شکستن و روزہ کشادن	
۱۸	اذاے	ازاے	مقابل	
۱۹	ارگن	ارغن	نام ساز کا ہی	فصحاء اردو نے ارگن استعمال کیا ہی سحر لکھنوی ع اینی بلیہ بجاتے ہین ہونگی ارگن ؛
۲۰	ارزق بتقدیم مہملہ بر معجمہ	ازرق بتقدیم معجمہ بر مہملہ	نیلا	

الف ممدودہ

الف مقصورہ

نمبر	لفظ غلط العام	صحیح	معنی	کیفیت
۲۱	ازدہام بزائے تازی وخارسی وہاے ہوز	ازدحام بزائے تازی وحاے حطی	ہجوم	ماخوذ ہی زحم سے جسکے معنی انبوہ کے ہین افتعال کے وزن مین تا فوقانی دال سے بدل گئی کیونکہ فاکلمہ زا معجمہ ہی
۲۲	اسپ مادیہ	اسپ مادہ	معروف	
۲۳	استلام بدون یائے تحتانی	استیلام بزیادت یائے تحتانی	سودن سنگ بدست یا بلب	
۲۴	اصطرار و صطراب بصاد مہملہ	اضطرار و ضطراب بضاد معجمہ	بیقراری وقلق	
۲۵	اضغا بضاد معجمہ	اصغا بصاد مہملہ	گوش نہادن	
۲۶	اکثیر	اکسیر	دواے کیمیا	
۲۷	الخالق	ارخالق	پوشاک معروف بہ مرزائی یا چپکن	زبان اردو مین جائز ہی
۲۸	الاؤ بمد	آلاؤ بالمد	جائے آتش	ایضا
۲۹	الفتہ بمد	آلفتہ بمد	رند وبیباک	
۳۰	الایچی	الاچی	معروف عربی مین قاقلہ کہتے ہین	مگر مستعمل اردو ہی
۳۱	الحاج بہ آخر معجمہ	الحاح بہر دو حا مہملہ	زاری کردن و درخواستن	
۳۱	انکاشتن بکاف تازی	انگاشتن بکاف فارسی	جاننا	
۳۲	انعدام و منعدم	عدم ومعدوم	معروف	کیونکہ باب انفعال مختص علاج وتاثیر کی ہی اور قبول فعل چاہتی ہی اور عدم کچھ چیز نہین ہی جسکو کوئی قبول کری
۳۳	انوثیت بزیادت یاء تحتانی	انوثت بدون یاء تحتانی	زن شدن و مادہ بودن	البتہ کلام ثقات مین واقع ہی لہذا استعمال جائز ہی عرفی ے مایہ نشہ انوثیت باز در بطن مادر اندازد
۳۴	انانیت	خودبینی	خودبینی	لطور ربانیت صحت کا احتمال ہی
۳۵	اورمہ	یورمہ بالضم	دوخت باریک	استعمال اردو مین اورمہ بھی صحیح ہی
۳۶	اوریب	اُریب و بُریب بضم اول	محرف	
۳۷	ایال	یال	موے گردن اسپ	
۳۸	ایلچی	یلچی بالکسر و یوچی بالضم	قاصد	لفظ ترکی ہی مگر مع ہمزہ مستعمل اردو ہی

نمبر	لفظ غلط العام	صحیح	معنی	
۳۹	ایزاد	زیادہ	افزون	واقع ہونا یار تحتانی کا مقابل فاکلمہ کے بےوجہ ہی کیونکہ اجوف
۱	باداللہ	عبداللہ	نام شخصے	
۲	بادفروش	بادخوان	بھاٹ وخوشامدگو	
۳	بادشاہ بباء عربی	پادشاہ ببای فارسی	صاحت تخت	مرکب از پاد کہ در اصل پات بود بمعنی تخت وشاہ بمعنی خداوند
۴	بازیگوش بکاف عربی	بازیگوش بکاف عجمی	شوخ وشنگ وطفلے کہ گوش برآواز بازی طفلان دیگر دارد	
۵	باونجان بدال مهملہ	باذنجان بمعجمہ بکسور	بیگن	معرب بادنگان کا ہی
۶	بتخ	بطک	بط خورد	
۷	بتانہ	بطانہ	آستر	
۸	بتاشہ بمعجمہ	تباسہ بمهملہ	شیرینی معروف	
۹	بجاز	بزاز بہ تشدید زاء اول	جامہ فروش	بز بالفتح وتشدید زاء در عربی جامہ ۱۲
۱۰	بخچہ	بقچہ وبغچہ وبوغچہ	گٹھری	
۱۱	بزرچمہر بجیم فارسی	بزرجمہر بجیم تازی	نام حکیم معرب بزرگمہر یا مخفف بزرگ جمہور	
۱۲	بذرگر	بزرگر بزاء معجمہ بعد راء مهملہ	کاشتکار	
۱۳	بست	بیست بزیادت یاء تحتانی	عدد معروف	شائد مخفف ہو ۲
۱۴	بطلیموس تقدیم یا برمیم	بطلمیوس تقدیم میم بریا	نام حکیم	
۱۵	بغیچہ	باغچہ	باغ کوچک	
۱۶	بقال	بدال بہ تشدید دال	غلہ فروش	بقال کے معنی سبزی فروش کے ہین ،
۱۷	ابن یامین	بنیامین بروزن اسرافیل	نام برادر یوسف ع	
۱۸	بوسیدہ	پوسیدہ	کہنہ وفرسودہ	مگر بوسیدہ بباء عربی استعمال مین ہے

نمبر	لفظ غلط العام	صحیح	معنی	کیفیت
۱۹	بوالہوس	بُلہوس	کثیر الحرص	ہوس قاموس و صراح و منتخب مین لفظ عربی لکھا ہی بمعنی آرزو اندرین صورت صحیح ہی
۲۰	بوتات نویس	بیوتات نویس	بیوتات جمع الجمع بیت بمعنی خانہ	
۲۱	بیانہ	بیعانہ	کچھہ تھوڑا حصہ قیمت کا جو وقت انعقاد بیع کے دین	
۲۲	بے نوکر	نانوکر	جو شخص کسیکا نوکر نہو	
۲۳	بے ابتر	ابتر	ناتمام و پراگندہ	نفی کیواسطے مشتقات اور صفات یعنی اسم فاعل و اسم مفعول و صفت مشبہ پر لفظ نا آتا ہی جیسے نابالغ و نامسموع و ناخلف اور اسماء غیر صفت اور غیر مشتق پر لفظ بے آتا ہی یعنی اسم مصدر و اسم جامد پر جیسے بے روزگار و بے ہنر و بے شعور و بے زر اگرچہ بطور شذ خلاف اسکے بھی جیسے ناتوان کہ توان اسم غیر مشتق پر نا زیادہ کیا ہی اور ناانصاف اور ناامید و ناسپاس و ناکام ۱۲
۲۴	بے کاواک	کاواک	کج و نادرست	
۱	پتیلہ	پاتلہ	دیگ دہن فراخ	
۲	پٹو بباء ہندی	پتو بباء فارسی	چادر ابریشمی	لفظ فارسی ہی ۱۲
۳	پجاوہ	پزاوہ	جاے پختن خشت ہا	
۴	پرکار بکاف تازی	پرگار بکاف فارسی	آلہ معروف	کیونکہ اسکا معرب فرجار ہی اور تعریب مین کاف فارسی جیم سے بدل جاتا ہی نہ کاف عربی ۱۲
۵	پرگنات	پرگنہا	وہ زمین جس سے خراج لیا جاے	
۶	پروانجات	پروانہا	فرامین	مگر کلام اساتذہ مین آیا ہی ۱۲
۷	پس غیبت	غیبت	ضد حضور	
۸	پسیح بجیم تازی	پسیج ببائ تازی و جیم فارسی	قصد و ارادہ و تیاری	

نمبر	لفظ غلط العام	صحیح	معنی	کیفیت
۹	پشتمین بفتح تا	پشتها	اسلاف	
۱۰	پشواز	پشیوانہ و پیشباز	جامہ معروف جسکو تلنگ کہتے ہین	
۱۱	پلیت	پلید	معروف	
۱۲	پسلی	پینکی بزیادتی تحتانی	غنودگی	
۱۳	پینجرہ مع یا	پنجرہ بدون یا	قفس	
۱۴	پواج	پاجیان	جمع پاجی بمعنی مردم فرومانہ و کمظرف	لفظ فارسی کی جمع بطور عربی نامناسب مگر بعض اشعار مین آیا ہی
۱۵	پیکار بکاف تازی	پیگار بکاف فارسی	لڑائی	صاحب کشف و بہار عجم نے بکاف تازی بھی صحیح لکھا ہی
(ت) ۱	تالاش	تلاش	جستجو	شاید الف اولی تالاش مین علامت فتحہ تا فوقانی کی ہو بقاعدۂ املا ترکی مگر تلفظ محض غلط ہی
۲	تابعدار	تابع	فرمان بر	کیونکہ تابع خود اسم فاعل ہی حاجت دار کی نہین مگر فصحاء اردو کے کلام مین آیا ہی
۳	تاہنوز	ہنوز	ابتک	
۴	تاالی الآن	الی الآن	اسوقت تک	
۵	تپنچہ	تفنگچہ	چھوٹی بندوق	مستعمل اردو ہی
۶	تدرو بدال مہملہ	تذرو بذال معجمہ	مرغیست از جنس ماکیان و خروس صحرائی	در بیشہ استراباد و مازندران بسیار باشد
۷	تذویر	تزویر	مکر و فریب	
۸	تسما	تسمہ	دوال چرم	
۹	تعویز	تعوید	معروف	
۱۰	تعلیقہ	تعلیق	کاغذ معروف کہ قرق و ضبط کیواسطے لٹکاتے ہین	اردو مین تعلیقہ بولتے ہین
۱۱	تمغا	تمغا	معروف بمعنی مہر سلاطین	
۱۲	تفحص بضاد معجمہ	تفحص بصاد مہملہ	کاوید و بمجاز جستجو	

نمبر	لفظ غلط العام	صحیح	معنی	کیفیت
۱۳	تکشمر	گشتمیر معنی آزمودن	÷	تصریف لفظ فارسی بطور عربی نامناسب مگر نعمتخان عالی نے لکھا ہی ع اینجا بادوب باش تکشمر بیجاست ؛
۱۴	تکدمہ	تقدمہ	آنچہ تخمینہ ضرب چیزے پیشگی کنند	
۱۵	تلسیم بسین مہملہ	تلشیم بشاء مثلثہ	بوسیدن	
۱۶	تلمیز	تلمیذ	شاگرد	جمع اسکی تلامذہ ہی
۱۷	تمازت	گرمی	معروف	کیونکہ از دیا و تا ر مصدری لفظ فارسی مین بیجا ہی تصرف فارسیانہ ہی
۱۸	تنک بکاف عربی	تنگ بکاف فارسی	خروار یعنی گون	
۱۹	توا	تاوا	لوہے کا ظرف جسپر روٹی پکاتے ہین	شاید تفریس یا تہنید ہو
۲۰	توبرا	توبرہ	جسمین گھوڑے کو دانہ کھلاتے ہین	لفظ فارسی ہی
۲۱	توشہ خانہ	توشکخانہ	معروف	توشک کے معنی رخت کے ہین
۲۲	تونگر	توانگر بضم اول	صاحب قوت و مجاز مالدار و غنی	مرکب از توان و گر۔ بکثرت استعمال الف ساقط ہو گیا
(ج) ۱	جامدانی	جامہ دان	معروف	مگر اُردو مین مستعمل ہی
۲	جازم بفتح	جاجم بروزن قائم	فرش معروف	لفظ ترکی ہی
۳	جریبانہ و جریمانہ	جرمانہ بالضم	معروف	
۴	جریح	جری	دلاور	جرأت سے مشتق ہی اصل مین یار تحتانی کے بعد ہمزہ تھا مگر فارسی مین حذف ہو گیا
۵	جُراب	جورب	پاتابہ	محاورۂ اُردو مین درست ہی
۶	جردہ بجیم تازی	چردہ بجیم فارسی	رنگ	
۷	جَرومد	جزر و مد	دراز شدن و باز گشتن آب دریا	
۸	جلاب	مسہل	معروف	

نمبر	لفظ غلط العام	صحیح	معنی	کیفیت
۹	جلیبی	زلیبی مخفف زلیبیا	شیرینی معروف	شاید مخفف زلیبیا کا ہی مثل آشکار و آشکارا
۱۰	جلد کتاب	مجلد کتاب	معروف	کیونکہ جلد کے معنی پوست کے ہین
۱۱	جماد الاول و ثانی بفتح جیم و ضم دال	جمادی الاولی و الآخرے یا آخرہ بضم جیم و فتح دال	نام ماہ معروف	چونکہ جمادی کے آخر مین الف مقصورہ علامت تانیث ہی لہذا صفت اوسکی اولی کہ مونث اول کا ہی لانا بہتر ہی تاکہ صفت و موصوف مین مطابقت ہو اور ثانی ایسی جگہہ بولا جاتا ہی جہان ثالث بھی ہو
۱۲	جمعدار	جماعہ دار	معروف	استعمال اردو مین جمعدار بھی بولا جاتا ہی
۱۳	جمعرات	پنجشنبہ	یوم معروف	
۱۴	جوّاد بتشدید واو	جواد بفتحتین بلا تشدید	فیاض	
۱۵	جوشق بشین معجمہ	جوسق بسین مہملہ	بالاخانہ	
۱۶	جک	جک بکاف و جیم تازی	کلام لغو	شاید مہند ہو
۱	چاہ	چاہ و چاے	نام دواے	کذا فی البرہان
۲	چاغر بجیم فارسی	جاغر بجیم تازی	چینہ دان مرغان عربی حوصلہ	
۳	چبوترہ	چوترہ	معروف	بقول البعض چوترہ فارسی ہی اور چبوترہ ہندی
۴	چپیت	چپات	طپانچہ	
۵	چپاتی	چاپاتی	چھوٹی روٹی	در غیاث چپاتی منسوب بہ چپات صحیح نوشتہ
۶	چخ چخ	جق جق بجیم تازی	فریاد و کلمات واہیہ و شور و غوغاے بے معنی	
۷	چغلخور	چغل	غماز	اردو مین چغلخور بھی بولتے ہین
۸	چقاچق	چکاچک	آواز تیر	
۹	چکو و چاکو	چاقو	کارد خرد	شاید مبدل ہو
۱۰	چکن	چکن بکاف فارسی	جامہ کشیدہ زردوزی	در غیاث بکسرتین و کاف عربی بحوالہ اللغات نوشتہ
۱۱	چلمچی	چلپچی بفتحتین و سکون پاء بعدہ جیم فارسی	طشتیکہ در آن دست شویند	لفظ ترکی ہی بعض نے بکسر اول و فتح ثانی لکھا ہی

نمبر	لفظ غلط العام	صحیح	معنی	کیفیت
١٢	چوغہ	چوخا بخاء معجمہ	لباس معروف	لفظ ترکی ہی
١٣	چھاپہ	چاپہ	طبع	لفظ فارسی ہی
١٤	چھپر	چپر بفتحتین	سائبان گھاس وغیرہ کا	لفظ فارسی ہی نعمت خان عالی نے کہا ہی ع چپر نشگافم انیست چوب کاہ رسیدہ اور بقول بعض ہندی الاصل ہی
١٥	چھینٹ	چیت	.	ظاہر اللفظ فارسی ہی کہ تصرف ہندیان ہی یا ہندی ہی
١	حاذق وحذاقت بدال مہملہ	حاذق وحذاقت بذال معجمہ	تیز طبع وماہر وزیرکی	
٢	حاطہ	احاطہ	دیوار گرد خانہ	
٣	حجاج بالضم والتشدید	حاج وحواج بتشدید آخر	جمع حاجی	عربی مین نہین آتا البتہ مستعمل فارسی ہی مگر منتخب مین موجود ہی
٤	حدیرہ	خطیرہ بظاء معجمہ	احاطہ قبرستان وگنبد قبر	
٥	مرج مرج	ہرج مرج	فتنہ وآشوب	
٦	حسب الفرمایش	حسب الامر	بموجب حکم	الف لام الفاظ فارسی پر لانا نہ چاہیے اسیطرح ہندی الفاظ پر مثلاً فوق البھڑک
٧	حلوان	حُلّام وحُلّان	بچہ گوسفند	حلوان بالضم کسیکو اجرت دینا ونام شہر البتہ محاورہ اردو مین مستعمل ہی شاید مخفف ہو
٨	حلوای سوہن	حلوائے سوہان	حلوائے مشہور	
٩	حیز	ہیز بہاء ہوز	مخنث	کیونکہ فارسی مین حار حطی نہین آتا
١	خاکینہ بکاف تازی	خاگینہ بگاف فارسی	مخفف خاگینہ	
٢	خجالت	خجلت	معروف	مگر مستعمل اساتذہ فارسی ہی عرفی ع بجنت بی اثرم آن کند خجالت عجز
٣	خذف	خزف	سفال ریزہ	
٤	خرچ بجیم فارسی	خرج بجیم تازی	ضد دخل	
٥	خرادی بتخفیف	خراط	شخص چوب تراش	البتہ ملا ظہوری نے خراد بقافیہ نہاد لکھا ہی
	خراد وخراطی			

نمبر	لفظ غلط العام	صحیح	معنی	کیفیت
٦	خرجی	خرجین	زنبیل اور بڑی جھولی	شاید مخفف ہو
٧	خشخش	خشخاش	دانہ معروف	
٨	خضرموت	حضرموت بحاء مہملہ	نام شہرے از ملک یمن	
٩	خلاصی	خلاص	رستگاری	کیونکہ خود مصدر ہے یا متصرف فارسیان صحیح ہو علے ہذا القیاس عملی الی
١٠	خوجہ	خواجہ سرا	غلام خصی	
١١	خورسند	خرسند	خوش	متاخرین نے اس لفظ اور خرم اور خردہ کو بدون واو تحقیق کیا ہے اور بعض نے واو سے بھی جائز لکھا ہے
١٢	خوردہ	خردہ	نکتہ وریزہ وعیب	صاحب مدار الافاضل و بہار عجم نے واو سے بھی لکھنا جائز لکھا ہے
١٣	خورداد	خرداد	نام ماہ بہار	کذا فی البرہان
١٤	خورد	خرد بالضم	کوچک	از عالم خرسند و خردہ و خرم
١٥	خورم	خرم	خوش	لفظ عربی ہے صاحب مدار الافاضل نے باز دیا دواو معدولہ فارسی لکھا ہے حرف مشدد کلام فارسی مین نہین آتا کیونکہ خرم مرکب ہے لفظ فر اور رخ سے اور غربیدین اصل مین تخفیف ہے
١٦	خوانین وخواتین	خانان وخاتونان	جمع خان وخاتون	کیونکہ خان فارسی خاتون ترکی ہے جمع بطور عرب چاہیے تصرف فارسیان ہے
١٧	خواہ نخواہ	خواہ مخواہ	چار و ناچار	نون نفی امر پر نہین آتا
١٨	خیشوم بثاء مثلثہ	خیشوم بشین معجمہ	بن بینی	
١	داوات	دوات	ظرف سیاہی	
٢	ددا	دادا	کنیز پیر	شاید کہ مخفف ہو
٣	دروغہ	داروغہ	ناظم امور	لفظ ترکی ہے
٤	درعہ وجمع درع	ذرعہ بذال معجمہ وجمع ذرع	گز وگزہا	
٥	دستانہ	دستوانہ	جو ہاتھ مین پہنا جاتا ہے	
٦	دفع الوقتی	دفع الوقت	زمانہ گذاری	دفع مصدر ہے حاجت زیادت یاء مصدری کی نہین اسیطرح اعتدالی و انتظاری مین

نمبر	لفظ غلط العام	صحیح	معنی	کیفیت
۷	دفتی	دفتین بوزن غمگین	جو کتاب کے اطراف مین لگاتے ہین اور مرقع خوشنویسون اور نقاشون کی	
۸	دلّان	دالان	معروف	
۹	دگنزا	دمغزا	حیوانات کی دم کی ہڈی	
۱۰	دنانت بہر دو لغت	دنائت بفتح ہمزہ بعد الف	سفلگی	
۱۱	دویم	دوم	دوسرا	کیونکہ اسمین میم نسبت کے لیئے ہی پس یاے تحتانی کے زیادت کی کوئی وجہ نہین مگر بعض اساتذہ کے نظم مین موجود ہی لہذا جائز رکھا ہی
۱۲	دوائی	دوا	معروف	
۱۳	دوانین	دواوین	جمع دیوان	
۱۴	دوکان مع واو	دکان بدون واو	معروف	عربی مین تشدید کاف مستعمل ہی فارسی مین اکثر بتخفیف
۱۵	ڈول بدال ہندی	دول بدال فارسی	دو	لفظ فارسی ہین ہندیان نے تصرف کیا ہی
۱۶	دیباچہ بجیم فارسی	دیباجہ معرب دیباہ بیاء معروف و جیم تازی	آغاز کتاب	اور بقول بعض بجیم فارسی صحیح ہی مصغر دیبا کا اور بعض نے لکھا ہی کہ اصل مین دیباجہ بمعنی رخسارہ لفظ عربی تھا جسکی جمع دیابیج آئی ہی
۱۷	دیہہ و دیہات	دہ و دہہا	گانوں اور اوسکی جمع	خان آرزو نے شرح سکندرنامہ مین لکھا ہی کہ دیہہ بھی صحیح ہی جیسا نظامی نے لکھا ہی ع ندیدہ چو روباہ چارہ دگر ٭ بنزدیک آن دیہہ کردہ گذر اور اردو مین صحیح ہی
ذ ۱	ذخّار	زخار	موج زن	زخر سے مشتق ہی جسکے معنی ہین بھر جانا دریا کا پانی سے
۲	ذخامت	ضخامت	سطبری	
۳	ذکریا	زکریا بفتحتین و کسر راء مہملہ و تشدید یاے تحتانی	نام پیغمبر	
۴	ذلّہ	زلہ بالفتح و تشدید	پس خوردہ	
۵	ذیابطین [illegible]	ذیابیطس بسین	نام مرض کہ اوسمین پیشاب بکثرت آتی ہی	
ر ۱	راج	راز	رئیس معماران	شاید مبدل ہو

نمبر	لفظ غلط العام	صحیح	معنی	کیفیت
۲	راہدار	راہوار	خوش رفتار	
۳	راس بسین مہملہ	راش بشین معجمہ	تودہ وانبار غلہ	
۴	ربیع الثانی و اولی	ربیع الآخر و اول	نام ماہ	ثانی کا استعمال وہان چاہیے جہان ثالث بھی ہو اور اولے لفظ مونث کی صفت نہین آتی ہی
۵	رزیل	رذیل	کمینہ	
۶	رنگت	رنگ	معروف	کیونکہ لفظ فارسی مین تاء مصدری زیادہ کرنا نادرست ہے
۷	رنگینیت	رنگینی	معروف	بشرح ایضاً
۸	رنگریز	رنگرز	صباغ	
۹	روشنائی	مداد یا سیاہی	معروف	روشنائی کے معنی روشنی کے ہین
۱۰	ریشم	ابریشم	معروف	بظاہر اتصرف ہندیان ہی
۱	زاد و بوم بضم معروف	زاد بوم بے داؤ	جاے پیدائش	باعتبار ترکیب محمول بر قلب از عالم گیہان خدیو
۲	زادنوازش یا نوازش کم	زاد الطافہ یا الطافکم	لفظ دعا	نوازش حاصل مصدر نواختن کا لفظ فارسی ہی اور ضمائر عربی نہین
۳	زرور	ذرور	دواے روشنی چشم	بدار الافاضل مین ذراء معجمہ بھی لکھا ہی
۴	زکاوت و زکی	ذکاوت و ذکی	تیزی و تیز ہوش	
۵	زکال بکاف تازی	زگال بکاف فارسی	کوئلہ یعنی انگشت	
۶	زیادتی	زیادت	افزونی	زیادت خود مصدر ہی پس یاء مصدری زیادہ کرنا فضول ہی اردو مین صحیح ہی
۱	سانجق	ساچق بکسر جیم فارسی	شیربہا	لفظ ترکی ہی
۲	سائیس	سائس و سیئس	معروف	سائس مشتق ہی سیاست سے بمعنی مطلق نگہبان خصوصاً نگہبان اسپ لیکن اردو مین جائز نہین ہے نوکر اک گھوڑے پہ اک سائیس تھا
۳	ساہل	شاقول	جس سے راستی دیوار کی معلوم کرتے ہین	
۴	سررشتہ	سررشتہ	معروف	
۵	سرب	شرب بثاء مثلثہ	پردہ کہ بر شکم است	

نمبر	لفظ غلط العام	صحیح	معنی	کیفیت
۶	سطمیات	شطحیات بشین معجمہ	کلمات رندانہ کہ خلاف شرع از بعض مشائخ سرزند	
۷	سگال بکاف عجمی	سکال بکاف تازی	اندیشہ و فکر	
۸	سلامتی	سلامت	محفوظ رہنا	مصدر مین زیادت یا مصدری فضول ہی اہل فرس اکثر آخر بعض کلمات مین یا زائد لاحق کر دیتے ہین خواہ اسم جامد ہو خواہ مصدر خواہ فارسی ہو خواہ عربی جیسے ارمغانی فلانی قربانی نقصانی جریانی خلاصی فضولی سلامتی ہمیانی زیادتی انتظاری حضوری غلطی محطی صفائی اعتدالی مگر بکثرت مستعمل ہی۔
۹	سنجاف بنون بعد سین	سجاف بکسر اول بے نون	معروف	
۱۰	سوہن	سوہان	آلہ معروف	شاید مخفف ہی
۱۱	سویم و سیوم	سوم	تیسرا	زیادت یا تحتانی بے سبب ہی
۱۲	سونس بہر دو مہملہ	سوئش مہملہ و معجمہ	براوہ ہر چیز	
۱۳	سہنک	صحنک	رکابی	
۱	شابش	شاباش	کلمہ آفرین و تحسین	شادباش کا مخفف ہی
۲	شانزدہ مع نون	شازدہ بے نون	سولہ	کیونکہ لفظ شش سے بنا ہی اور اوسمین نون نہین ہی
۳	شبانروز	شباروز بے نون	شب و روز	
۴	شب لیلۃ القدر کی رات	شب قدر یا لیلۃ القدر	نام شب معروف	
۵	شبرات	شب برات	شب معروف	
۶	شپیس بسین ثانی مہملہ	شپش بضمتین بہر دو معجمہ	قمل یعنی جون کہ کرم معروف ہی	
۷	شپیر و شپیر بپائے فارسی	شبر و شبیر بپائے تازی	نام حسن رض و حسین رض	برہان و لطائف مین بائے فارسی سے لکھا ہی
۸	شرشار بہر دو شین معجمہ	سرشار بہ اول مہملہ	لبریز	
۹	شصت	شست	عدد معروف	
۱۰	شعبدہ بدال مہملہ	شعبذہ بذال معجمہ	بازی جادوگری	کشف و مدار و مؤید سے دال مہملہ سے بھی صحیح ہی

نمبر	لفظ غلط العام	صحیح	معنی	کیفیت
۱۱	شعشہ	شعشعہ بدو عین مہملہ	پرتو و روشنی آفتاب	
۱۲	شفیل قلعہ	فصیل قلعہ	دیوار قلعہ	
۱۳	شکوہ بہا ہو	شکوی بفتح و در آخر الف مقصور بصورت یا	گلہ و گلہ کردن	ہمچو دعوی و بشری
۱۴	شکنجبین بمعجمہ	سکنجبین بمہملہ	معروف	معرب سکنگبین مرکب از سک بمعنی سرکہ و انگبین
۱۵	شگوفہ بکاف فارسی	شکوفہ بکاف تازی بکسر اول یا بضمتین	غنچہ و گل درختان و بمعنی قی	اور مشورہ اور سخن بیہودہ کے معنی ہیں جو مستعمل ہے جیسے کہتے ہیں کہ فلان شخص نے شگوفہ پیدا کیا ہے وہ صحیح سقیفہ ہے بسین مہملہ سقیفہ ایک پوشیدہ مکان تھا جسمیں اہل عرب مشورہ ہائے باطل کے لیے جمع ہوتے تھے
۱۶	شوستر بسین و تا مہملہ	شوشتر بہر دو معجمہ	نام شہر	
۱۷	شولہ و شلہ بتشدید لام	شلہ بضم اول و فتح لام مخفف	نام طعام معروف	
۱۸	شوغال جا اول معجمہ	سیورغال بضم سین مہملہ و ضم یائے تحتانی و واو معروف و غین معجمہ	روزینہ و مدد معاش	
۱۹	شیر غرین	شیر عرین	•	عرین بمعنی بیشہ و صحرا سے پر درخت
۲۰	شمیدن	شنیدن	بو کردن	شمیدن اصل فارسی میں بمعنی رمیدن و بیہوش شدن و پریشان شدن و ترسیدن کے ہے اور شاید مصدر جعلی ہو ماخوذ شم سے کہ لغت عربی بمعنی بو کردن کے ہے
۲۱	شمیش	شیث	نام پیغمبر پسر آدم علیہ السلام	
۱	صد	سد	باڑہ	بجہت رفع اشتباہ کلمہ دیگر کے کہ صد بمعنی عدد کے ہے بجائے سین کے صاد سے لکھا اعداد سے لکھنا چاہیے اگرچہ صاد فارسی میں نہیں آتا
۲	صفدع	ضفدع بکسر ضاد معجمہ	مینڈھک	
۳	صفائی	صفا	صاف ہونا	کیونکہ صفا خود مصدر ہے اسطرح بجائے صاف یا صفا کے صفائی بولنا غلط ہے گو استعمال شعرا متاخرین ہے

نمبر	لفظ غلط العام	صحیح	معنی	کیفیت
۴	صقلی گر	صیقل بفتح اول و کسر ثالث	زنگ زدا	
۵	صلاح سمرقندی	صلاے سمرقندی	تواضع ظاہری	
۶	صمیمی	صمیم	خالص	
۷	صیحت مع یا	صحت بدون یا و تشدید حا	تندرستی	
ض				
۱	ضمیران بتقدیم میم بر یا	ضیمران بفتح اول و سکون تحتانی و ضم میم	نام گل	
ط				
۱	طال اللہ عمرہٗ	اطال اللہ عمرہٗ	دراز کرے اللہ عمر و زندگی	کیونکہ طال لازم ہے مفعول کو نہین چاہتا
۲	طپانچہ	تپانچہ بہ بائے فارسی	معروف	کیونکہ طاء مطبقہ فارسی مین نہین آتی تصرف متاخرین ہے
۳	طپیدن	تپیدن	تڑپنا	کیونکہ طاء مطبقہ فارسی مین نہین آتی تصرف متاخرین ہے
۴	طغار	تغار	طشت گلی	
۵	طلہ	تلہ	زر	تبدل تصرف متاخرین ہے
۶	طلاطم	تلاطم	تپانچہ زدن و بر یکدیگر زدن موجہائے دریا	
۷	طلاوہ و تلاوہ	طلایہ و طلیعہ	دیدبان لشکر و قلعہ	
۸	طمانیت بیک نون	طمانینت بضم دو نون	تسلی	صراح سے حذف ایک نون کا جواز پایا جاتا ہے
۹	طوطیا	توتیا	سرمہ	
۱۰	طوطیہ	توطیہ بر وزن ترکیہ	تمہید	
۱۱	طوے	توے	شادی عروسی	متاخرین نے تاء فوقانی کو طاء مطبقہ سے بدل لیا ہے یا معرب ہے
ع				
۱	عاشورہ بہ ہا ہوز	عاشوراء عاشوری و عشوراء	روز دہم محرم الحرام	
۲	عجوبہ	اعجوبہ	عجیبہ	اردو مین مضائقہ نہین
۳	عجوزہ	عجوز بے ہا بفتح اول	پیرزن	کیونکہ فعول کے وزن اسم فاعل مین مذکر و مونث یکسان ہے

نمبر	لفظ غلط العام	صحیح	معنی	کیفیت
۴	عذب	عَزَب بفتحتین	مرد بے زن	
۵	عرابہ	ارابہ وعرآوہ	گاڑی	صاحب بہار عجم نے عرادہ بتشدید را و بدال مہملہ صحیح لکھا ہی
۶	عراب	عرادے	جو مہرہ شطرنج مین اپنے شاہ اور رخ حریف کے درمیان حائل کرین برائے حفاظت از کشت	
۷	عمون	عمو بے نون	چچا	لفظ عم مین واو زاید کیا ہی جیسے خالو مین
۸	عمالان	عمال	جمع عامل	جمع کے صیغہ کو پھر جمع بطور فارسی کرنا کیا ضرور
۹	عنی	عنین	نامرد	
۱۰	عوج بن عنق	عوج بن عوق	نام شخصے کافر	
۱۱	عیوض مع یا	عوض بدون یا	بدل	
۱	غازی الدین بضم یا	غازی الدین با ثبات یا در کتابت و اسقاط آن در تلفظ	نام شخصے	
۲	غریب النواز	غریب نواز	معروف	
۳	غش	غشی	بیہوشی	یہ تصرف فارسیان ہی پس فارسی اردو مین صحیح ہی
۴	غلطیدن	غلتیدن	لوٹنا	فارسی مین طاء مطبقہ نہین آتی
۵	غُل	غلو	شور و غوغا و ہجوم	اردو مین شائع ہی
۶	غلطی	غلط	خطا کردن	غلط خود مصدر ہی
۷	غمگین بکاف تازی	غمگین بکاف فارسی	معروف	مرکب از غم و گین
۱	فرزندگان	فرزندان یا فرزندکان بکاف تصغیر	جمع فرزند	کیونکہ زیادت کاف عجمی کی کوئی وجہ نہین اور اس مصرع سعدی مین کہ فرزندکانت بسختی درانند بکاف تصغیر ہی
۲	فرغل	فرگل بضم کاف عجمی	لباس معروف	
۳	فرید	فرستند	مخفف از فرستادن	زیادت یا و حذف تا کی کوئی وجہ نہین

نمبر	لفظ غلط العام	صحیح	معنی	کیفیت
۴	فرامین	فرمانہا	جمع فرمان	کیونکہ لفظ فارسی ہی مگر بعض کے کلام مین پایا جاتا ہی لیکن فصحاے فارسیان ہی
۵	فی الحقیقت کے درمیان	فی الحقیقت یا در حقیقت	حقیقت مین	
۱	قبولیت	قبول	پذیرفتن	
۲	قدوم	اقدام	جمع قدم	قدوم بضمتین مصدر ہی بمعنی آمدن
۳	قرضدار	قرض خواہ	جو شخص قرض دے	اردو مین جائز ہی
۴	قضاق	قزاق	رہزن	لفظ ترکی ہی
۵	قطع	قطعہ	قسمے از نظم	
۶	قطگیر	قطزن	جو قط لگاتے ہین	مفید ترکیب مفعولی ہی
۷	قلمدان [illegible]	قلمدان	معروف	
۱	کِنذاک	کِزلک	کارد	برہان مین بکاف عربی بھی صحیح لکھا ہی
۲	کریوہ بکاف تازی	گریوہ بکاف فارسی	پشتہ یعنی زمین بلند	
۳	کسافت بسین مہملہ	کثافت بثاء مثلثہ	سطبر و غلیظ شدن ع ضد لطافت	
۴	کشنیز بکاف عربی	گشنیز بکاف فارسی	دھنیان	موید و کشف مین بالضم کاف عربی بھی صحیح لکھا ہی
۵	کشادن بکاف تازی	گشادن بکاف فارسی	کھولنا	کذا فی البرہان و دافع الاغلاط و بعض کے نزدیک کاف تازی سے بھی درست ہی
۶	کلچہ	کلیچہ	چھوٹی سی روٹی روغنی	
۷	کلیم بکاف تازی	گلیم بکاف فارسی بکسر لام	کمل	کلیم بکاف تازی بمفتوح سخن کنندہ و نام موسیٰ ع
۸	کنجشک بکاف عربی	گنجشک بکاف فارسی اول و فتح با کسر جیم	گانگی چڑیا عربی عصفور	شاید بدل ہو
۹	کنخواب	کمخاب بالکسر و الفتح	جامہ معروف	خاب کے معنی ہو و نوان کنخواب اردو مین مستعمل ہی
۱۰	کوائف	کیفیات	جمع کیفیت	کیونکہ جمع کیفیت کی اس وزن پر مستعمل اساتذہ نہین ہی اردو مین جائز ہی
۱۱	کورنشات	کورنشہا	جمع کورنش	کیونکہ جمع لفظ عجمی کی الف و تاء فوقانی سے درست نہین
۱۲	کوہ	کح بالضم و التشدید	خالص	

نمبر	لفظ غلط العام	صحیح	معنی	کیفیت
١٣	کھچری	کچھری بکسر	طعام معروف	لفظ فارسی ہی جسمین ہندیون نے تصرف کیا ہی
١	گاذر	گازر	دھوبی	
٢	گذر	گزر	گاجر	موئید مین ذال سے لکھا ہی
٣	گذاردن و گذارش بذال معجمہ	گزاردن و گزارش بزاء معجمہ	ادا کرنا	بعض محققین کے نزدیک ذال معجمہ الفاظ فارسی مین نہین آتی
٤	گذاف بالفتح و بذال معجمہ	گزاف بالکسر یا بالضم و بزاء معجمہ	بیہودہ کلام	موئید مین ذال سے بھی لکھا ہی
٥	گلاب	گل سرخ	پھول کا نام	اصل مین گلاب کے معنی عرق گل کے ہین مگر محاورۂ اردو مین [illegible]
٦	گلذار	گلزار	باغ	مرکب ہی لفظ گل و زار سے کہ بمعنی ظرفیت و کثرت کے ہی کذا فی القاموس و المنتخب
٧	گل معصفر	گل عصفر	ہندی کسنبھہ	
٨	گلہری	گلہری بکاف تازی	جانور معروف جسکو موشک پران بھی کہتے ہین	
٩	گنجلک	گنجلک بضم و کاف تازی	شکن کپڑے کی	
١٠	گیاست	کیاست بکاف تازی	دانائی	کیونکہ لفظ عربی مین کاف فارسی نہین آتا
١	لاپروا	بے پروا	معروف	لاء نافیہ عربی لفظ فارسی مین لانا نہین چاہیے
٢	لاچار	ناچار	ناگزیر و ضرور	کیونکہ لاء نافیہ عربی فارسی لفظ پر لانا درست نہین
٣	لازمی	لازم	ضد متعدی	کیونکہ متعدی مین یاء نسبت نہین ہی کہ اوسی قیاس سے لازمی ہی بلکہ اصلی ہی
٤	لاشہ	نعش بنون و لاش	کالبد مردہ	غیاث مین لاش بھی بمعنی تن مردہ لفظ ترکی لکھا ہی
٥	لاہی	لائی	جامۂ تنک معروف	
٦	لاوبالی	لاابالی	باک ندارم	
٧	سجلاج حاء اول مہملہ	لجلاج بہر دو جیم معجمہ	نام شاطر یا نام شطرنج	
٨	نعایت فلان تاریخ تک	نعایت فلان تاریخ	تا فلان تاریخ	
٩	لیزم	لزوم	کمان نرم جس سے مشق کرتے ہین	مگر جہانگیری مین لیزم موجود ہی

نمبر	لفظ غلط العام	صحیح	معنی	کیفیت
١	مایوس	آئس	ناامید	یہ از قسم تصرف فارسیان ہی اور فارسی اردو مین مستعمل ہی گو بعض فارسیون نے لکھا ہی
٢	ماثور	متاثر	اثر پذیر شدہ	
٣	مبرسم	صاحب برسام	صاحب مرض ذات الجنب	اشتقاق بطور عربی لفظ فارسی سے ناجائز
۴	مبہی بدون یار تحتانی و تشدید ہائے	مبیہی بتقدیم بائے موحدہ بر یائے تحتانی	پیدا کنندہ قوت باہ	منسوب بہ بیہہ
۵	متلاشی	تلاشی	تلاش کنندہ	کیونکہ تلاش لفظ ترکی ہی اور لفظ ترکی یا فارسی سے اشتقاق بطور عربی خطا ہی واقف سے دل تلاشی است آن شکر ایست
٦	متصدع	مصدع	دردسر دہندہ	متصدع کے معنی دردسر یابندہ کے ہین
٧	متراش	تراشیدہ		تراشیدن سے اشتقاق بطور عربی تصرف فارسیان ہی
٨	متفاول بواو	متفائل بہمزہ	فال گیرندہ	
٩	متغاثی	مستغاثی	فریاد خواہ	
